ناردرن نے سندھ کو 66رنز کے بھاری مارجن سے شکست دے دی

- ناردرن کے سہیل اختر کی جارحانہ نصف سنچری
- شاداب خان کے 3 شکار

لاہور، 17اکتوبر 2019ء:

ایونٹ کےپانچویں روز اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلے گئے میچ میں ناردرن نے سندھ کو 66 رنز کے بھاری مارجن سے شکست دے دی۔ فاتح ٹیم کی جانب سے مڈل آرڈر بلے باز سہیل اختر نے 63 رنز کی جارحانہ اننگز کھیلی ۔192 رنز کے تعاقب میں سندھ کی پوری ٹیم 125 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔

اس سے قبل ناردرن کے کپتان عماد وسیم نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ 5 اسکور پر پہلی وکٹ گرنے کے بعد سہیل اختر اور عمرامین کے درمیان 102 رنز کی شاندار شراکت نے میچ میں ناردرن کی جیت کی بنیاد رکھ دی۔ سہیل اختر نے 36 گیندوں پر 6 چوکوں اور 3 چھکوں کی بدولت 63 رنز کی اننگز کھیلی۔مڈل آرڈر بلے باز آصف علی کی برق رفتار 30 اور عماد وسیم کی 27 رنز کی ناقابل شکست اننگز کی بدولت ناردرن کرکٹ ٹیم نے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 191 رنز بنائے۔ سندھ کی جانب سے محمد حسنین نے 2 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

جواب میں احسان علی اور خرم منظور پر مشتمل اوپننگ جوڑی نے سندھ کو 44 رنز کا آغاز فراہم کیا مگر اس کے بعد کوئی بھی کھلاڑی ناردرن کی مضبوط باؤلنگ لائن اپ کے سامنے کریز پر نہ ٹھہر سکا اور پوری ٹیم 17.4 اوورز میں 125 رنز پر آؤٹ ہوگئی۔اوپنر احسان علی 29 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے۔ناردرن کی جانب سے شاداب خان نے 28 رنز کے عوض 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔فاسٹ باؤلر محمد عامر نے 2 جبکہ عماد وسیم، محمد نواز، سہیل تنویر اور حارث رؤف نے 1،1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

ایونٹ میں جمعہ کے روز 2 میچز کھیلے جائیں گے۔ پہلے میچ میں سنٹرل پنجاب اور سدرن پنجاب جبکہ دوسرے میچ میں ناردرن اورخیبرپختونخوا کی ٹیمیں مدمقابل ہوں گی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk